ان کیلئے صدقہ جاریہ بنائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے مذکورہ بالا دونوں علمائے کرام کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا اور مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں ان کی خدمات کو سراہا اور نماز کے بعد غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

## چوہدری محمد امین صاحب کو صدمہ

مرکزی مجلس عاملہ کے رکن اور مرکزی جمعیت اہل حدیث راولپنڈی کے راہنما چوہدری محمد امین صاحب جن کے بڑے بھائی چند روز قبل انتقال کر گئے تھے ابھی یہ صدمہ تازہ تھا کہ ان کی ساس صاحبہ بھی جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ ظفر محمود صاحب (توحید ہوٹل)، پرویز اختر صاحب (طیبہ ہوٹل)، شفقت محمود صاحب، عامر صاحب اور عمران لطیف صاحب کی والدہ تھیں۔ نماز جنازہ قاری عبدالرحمٰن عتیق صاحب نے پڑھائی۔ مرحومہ بڑی ہی متقیہ اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ چوہدری صاحب اور لواحقین کو صبر جمیل اور مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین

## جامع مسجد اہل حدیث چک مجاہد شمالی (پنڈ دادنخان)

مورخہ 24 فروری بروز منگل بعد از نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث چک مجاہد شمالی میں پہلی عظیم الشان کتاب وسنت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی صدارت حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے کی۔ جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا عبداللطیف شہزاد صاحب، خطیب جامع مسجد اہل حدیث ٹھل (پنڈ دادنخان) نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ قاری عبدالوہاب صدیقی صاحب نے بڑے ہی احسن انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ بعد ازاں حضرت مولانا منظور احمد صاحب آف گوجرانوالہ، مولانا محمد اسحاق اوکاڑوی صاحب، قاری سرفراز صفدر صاحب، قاری محمد یوسف راشد صاحب اور مولانا قطب شاہ صاحب مدرس جامعہ علوم اُثریہ جہلم نے کانفرنس سے خطاب کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے دعا کی اور دعا کے بعد سوال وجواب کی خصوصی نشست ہوئی، حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے نہایت ہی احسن انداز میں قرآن وحدیث کی روشنی میں سوالوں کے مدلل جواب دیئے۔ بالآخر یہ عظیم الشان پروگرام مکمل ہوا۔